بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ٹیلیفون نمبر ۹۱

رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۸۲۳

اَلْفَضْلُ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ ☆ عَسٰٓی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

# روزنامہ الفضل قادیان

یوم شنبہ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| جلد ۳۱ | ۲۱ ماہ ظہور ۱۳۲۲ ہش | ۱۹ شعبان ۱۳۶۲ھ | ۲۱ اگست ۱۹۴۳ء | نمبر ۱۹۶ |

## مدینۃ المسیح

قادیان ۲۰ ماہ ظہور۔ سیدنا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے متعلق آج ڈلہوزی سے کوئی اطلاع نہیں مل سکی۔

حضرت ام المومنین مدظلہا العالی کی طبیعت خراب ہے۔ سر درد اور ضعف کی شکایت ہے احباب حضرت ممدوحہ کی صحت کے لئے دعا کریں۔

سیدہ امۃ الرشید بیگم صاحبہ بنت حضرت امیر المومنین کی طبیعت بہت خراب ہے۔ پنڈلیوں میں درد اور بے چینی کے علاوہ بخار بھی ہے۔ احباب ممدوحہ کی صحت کے لئے دعا کریں۔

کل کارکنان صدر انجمن احمدیہ نے یوم التبلیغ منایا۔ تمام دفاتر بند رہے۔

روزنامہ الفضل قادیان ——— ۱۹ شعبان ۱۳۶۲ھ

## ستیارتھ پرکاش اور مسلمان

۱۳ اگست کو لاہور میں مسلمانوں نے ایک جلسہ کیا گیا۔ تا مسٹر جناح کے حملہ آور کی چھری سے بچ جانے پر اللہ تعالےٰ کا شکریہ ادا کیا جائے اس جلسہ میں سندھ کے ہوم منسٹر مسٹر گزدر نے بھی تقریر کی۔ جس میں کہا کہ سندھ گورنمنٹ نے ہندو وزرا کے مشورہ پر عمل کرتے ہوئے ستیارتھ پرکاش کے متعلق قانونی مشورہ حاصل کیا جو یہ ہے کہ اس کتاب میں ایسا مواد موجود ہے۔ کہ اُسے ضبط کیا جا سکتا ہے۔ مگر ہمارے قانونی مشیروں کی رائے یہ تھی۔ کہ یہ معاملہ صرف سندھ سے تعلق نہیں رکھتا۔ بلکہ سارے ہندوستان سے اس کا تعلق ہے۔ اس لئے اس بارہ میں صرف حکومت ہند ہی کارروائی کر سکتی ہے۔ اور اب یہ معاملہ حکومت ہند کے سپرد کیا جا چکا ہے۔ مسٹر گزدر نے یہ بھی بتایا۔ کہ سندھ گورنمنٹ کے قانونی مشیروں نے یہ بھی کہا ہے۔ کہ یہ کوئی الہامی کتاب نہیں اس لئے ضبط کی جا سکتی ہے۔

جہاں تک ضبطی کا سوال ہے۔ ہم اپنی رائے اس بارہ میں ایک سے زیادہ مرتبہ وضاحت کے ساتھ پیش کر چکے ہیں۔ اور پہلے ایک بار مسلمانوں کو یہ بھی توجہ دلا چکے ہیں۔ کہ یہ کتاب ضبط ہوگی یا نہیں۔ اس کے متعلق توفی الحال کچھ کہنا مشکل ہے لیکن اس میں کوئی شک۔ کہ اس وقت ہندو قوم اس ایجی ٹیشن سے جس رنگ میں فائدہ اٹھا رہی ہے وہ مسلمانوں کے لئے بہرحال زیادہ نقصان دہ ہے۔ اور مسٹر گزدر کی تقریر کے بعد ستیارتھ پرکاش کی زیادہ سے زیادہ اشاعت کا سوال پھر بڑے زور کے ساتھ ہندو پریس میں اٹھایا گیا ہے۔ اور دس ہزار کی تعداد میں اس کا دوسرا ایڈیشن دو ہفتوں کے اندر اندر شائع کرنے کا انتظام کیا جا رہا ہے۔ اس کتاب کو بکثرت فروخت اور تقسیم کیا جا رہا ہے۔ چنانچہ جتنی تعداد طبع شدہ موجود تھی وہ نکل چکی ہے۔ اور کئی سو جلدیں مسلمانوں کے پاس فروخت کی جا چکی ہیں۔ پھر آریہ سماج میں یہ تحریک ہو رہی ہے۔ کہ سندھ میں پرچار کا کام اعلیٰ پیمانہ پر شروع کیا جائے۔ یہ بھی کہا گیا ہے۔ کہ ہندوستان بھر میں ہر زبان اور ہر بھاشا میں ستیارتھ پرکاش کی کتھائیں شروع ہو جائیں۔ جن زبانوں میں ابھی تک ستیارتھ پرکاش پرکاشت نہیں ہوا۔ ان میں ایڈیشن شائع ہونے چاہئیں۔ اور آریوں میں ستیارتھ پرکاش کے حافظ پیدا ہونے چاہئیں۔ جو ستیارتھ پرکاش کو کلیتہً ازبر کر لیں۔ ہر آریہ سماج کے ہفتہ واری جلسہ میں ستیارتھ پرکاش کی کتھا آج ہی شروع ہو جانی چاہئیے۔

ان تمام تجاویز سے معلوم ہو سکتا ہے۔ کہ مسلمان جس زہر کو معدوم کرنے کے لئے قانونی امداد حاصل کرنے کی فکر میں ہیں۔ ہندو اُسے زیادہ سے زیادہ دُور تک پھیلانے پر تُلے ہوئے ہیں۔ اور مسلمانوں کے لئے ضروری ہے۔ کہ وہ اس زہر کے مناسب ازالہ کی طرف متوجہ ہوں۔ اور اس کی ضبطی کی کوشش سے زیادہ کوشش اس زہر کو دُور کرنے پر صرف کریں۔ کیونکہ ضبطی کوئی یقینی علاج نہیں۔ کہ اس امر پر اطمینان کر کے بیٹھے رہیں۔ ۴

۴ اس زہر کے ازالہ کا بہترین طریق اس لٹریچر کی اشاعت ہے جو حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور جماعت احمدیہ کے دیگر بزرگوں نے آریہ سماج اور پنڈت دیانند صاحب کے اسلام پر اعتراضات کے رد میں اور آریہ سماج و ہندو دھرم پر اسلام کی فضیلت کے بارہ میں پیدا کیا ہے۔ اور جس کے مطالعہ کے بعد یہ زہر ہرگز اثر نہیں کر سکتا۔ ——— ستیارتھ پرکاش کو زبانی حفظ کرنے کی تحریک بھی ہو رہی ہے۔ اور اگر اس بارہ میں کوئی عملی کوشش

## اُمّتی نبی اور حضرت مجدّد الف ثانی

اُمّت احمد نہاں دارد دو ضد را در وجود
میتوا ند شد مسیحا میتوا ند شد یہود

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں کہ حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین ہیں یعنی نبیوں کی مُہر۔ سب سے پہلے نبی آپ کی تصدیق کی وجہ سے نبی ترقی کے معراج تک پہنچنے کو تھی۔ اس لئے حضور تمام دنیا کے لئے نبی مقرر ہو گئے۔ کیونکہ ایک نبی ساری دنیا میں کام کر سکے گا۔ اپنا کلام پہنچا سکے گا۔ اس لئے رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی شریعت تاقیامت جاری کی گئی۔ خود رسول اللہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

### قادیاں والے

(از حضرت میر محمد اسمٰعیل صاحب)

کچھ مدت ہوئی صاحبزادی مبارکہ بیگم صاحبہ نے ایک خواب دیکھا کہ گویا وہ لاہور گئی ہیں وہاں کے پُرانے احمدیوں کے کچھ بچے جو اب غیر مبائع ہیں اُن کے پاس آئے ہیں۔ اور پوچھتے ہیں۔ کہ آپ کہاں سے آئی ہیں۔ صاحبزادی صاحبہ نے جواب دیا کہ میں قادیان سے آئی ہوں۔ اس پر اُن بچوں نے کہا۔ کہ ہمارے آبا بھی کبھی **قادیاں والے** ہوتے تھے۔ اس پر صاحبزادی صاحبہ نے ان کو مخاطب کر کے ایک شعر پڑھا۔ جسے انہوں نے خواب میں سمجھا۔ کہ یہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا شعر ہے۔ اور حضور علیہ السلام نے یہ شعر ان لڑکوں کے حق میں فرمایا ہے۔ اور اس کا مطلب یہ ہے۔ کہ تم کو اب قادیان سے علیحدگی کی پاداش میں یہ سزا ملیگی + اس قطعہ میں خواب والا شعر دوسرا ہے۔ پہلا شعر اس خاکسار نے لکھکر اس کو قطعہ بنا دیا ہے +

کوئے جاناں سے جو بھاگے ہو کدھر جاؤ گے؟ — حُسن و احساں میں نظیر اُس کا کہاں پاؤ گے؟
"آخری وقت میں توبہ تو کرو گے۔ لیکن — اَب کبھی **قادیاں والے** نہیں کہلاؤ گے"

ہیں۔ ان کے نبی ہونے کا ثبوت صرف حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا فرمانا ہے کہ وہ نبی ہیں۔ ورنہ اور کوئی ثبوت نہیں ہے۔ پہلے ہر ملک میں الگ الگ نبی آتا تھا۔ کیونکہ میل و ملاپ کے ذرائع بند تھے۔ ایک نبی صرف ایک ملک میں کام کر سکتا تھا۔ رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ساری دُنیا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کان النبی یبعث الی قومہ خاصۃ و بعثت الی الناس کافۃ۔ پہلے نبی مختص القوم اور مختص الزمان ہوتے تھے۔ میں سب لوگوں کی طرف بھیجا گیا ہوں۔ اور قیامت تک حضور کی شریعت جاری رہیگی۔ چنانچہ آپ سے اعلان کرایا گیا۔ قل اٰمنا باللّٰہ

